National Officers ACADEMY

English Test-5

Time Allowed: 40Minutes
Note:
1. Assignment must be handwritten.
2. Upload it in "Quiz/Assignment" section, otherwise it will not be checked.

Name: ____________________	**Batch: _________________**
LMS_ID___________________	

Q. Translate the following into English, keeping in view the idiomatic/figurative expression. (10+10=20)

(A)

موسمیاتی تبدیلی کے باعث آنے والے خوفناک سیلاب سے پاکستان اور نائیجیریا کے کئی علاقوں میں آنے والی تباہی، افریقہ اور مغربی امریکہ میں خشک سالی، کیریبین کے سمندری طوفانوں میں گھرنے اور تین براعظموں کے گرمی کی لپیٹ میں آنے کے واقعات کےبعد یہ تصور بعید از حقیقت ہے کہ معاملات یہیں تک محدود رہیں گے۔ مزید بلکہ وسیع و شدید واقعات کا سلسلہ اس وقت تک جاری رہنے کے خدشات نظرانداز نہیں کئے جا سکتے جب تک کرہ ارض پر موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے اقدامات موثر طور پر بروئے کار نہیں آتے۔ اس قسم کے حالات میں غریب ممالک مجبور ہوتے ہیں کہ امیر ممالک یا مالیاتی اداروں سے قرضے لیں۔ ان قرضوں کے نتیجے میں کمزور ملکوں کی غربت مزید بڑھتی ہے، مسائل میں اضافہ ہوتا ہے اور آفات سے نمٹنے کی صلاحیت میں کمی کا احتمال ہوتا ہے۔

(B)

دولت کا ارتکاز صرف پاکستان میں نہیں ہوتا بلکہ یہ پوری دنیا میں ہی ہوتا ہے اور ترقی پذیر ممالک میں تو خاص طور پر ہوتا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ڈاکٹر محبوب الحق کی جانب سے کی گئی نشاندہی کے بعد بھی تقریباً وہی خاندان ہیں جو آج بھی دولت کو کنٹرول کرتے ہیں۔ ایک کامیاب معیشت نئے کاروباری لوگوں کو جگہ دیتی ہے جو نئی اور ابھرتی ہوئی صنعتوں اور ٹیکنالوجیز کی نمائندگی کرتے ہیں اور امیر ترین بن جاتے ہیں۔ لیکن پاکستان میں ایسا نہیں ہوتا، یہاں تو اختیار اور مواقع صرف اس اشرافیہ تک محدود ہیں جو کبھی تبدیل نہیں ہوتی۔

****